تعارفِ کتب

کتاب: تہذیبوں کی کایا کلپ
(The Great Transformation)
مصنف: کیرن آرمسٹرانگ/ اُردو ترجمہ پروفیسر حنیف کھوکھر
صفحات: ۵۶۵
قیمت: ۵۰۰ روپے
پبلشر: مشعل بکس، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور
تبصرہ نگار: اقبال علی خان

ڈاکٹر کیرن آرمسٹرانگ ہمارے زمانے کی معروف امریکی مذہبی سکالر اور دانش ور ہیں۔ ان کی بعض تحریریں اُردو میں ترجمہ ہو چکی ہیں اور وہ خود بھی لاہور، اسلام آباد اور کراچی میں لیکچرز دے چکی ہیں۔ اس لیے ہمارے علمی حلقوں میں جانی پہچانی ہیں اور اُن کا احترام بھی کیا جاتا ہے۔ اس احترام کا بنیادی سبب مذہبی معاملات میں ڈاکٹر صاحبہ کا قابلِ محسوس حد تک غیر متعصبانہ رویہ ہے۔ چنانچہ اسلام اور اسلامی تہذیب وتمدن کے بارے میں اُن کی نگارشات کو پسند کیا گیا ہے۔

یہاں ہم ڈاکٹر کیرن آرمسٹرانگ کی جس کتاب کا تعارف پیش کر رہے ہیں وہ